نمبر ۹ جلد ۴۰

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۲۷ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت ٹھیکہ مرغ آبیان -	۱
۲	اضافہ ہیڈ ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول -	۱
۳	رخصت نائب مدرس [illegible] -	۲
۴	″ ماسٹر سید شاہ محمد	″
۵	″ منشی سوہن لال بل کلرک	″
۶	″ منشی گوبند پرشاد	″

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ ٹھیکہ مرغ آبیان مصارف باورچی خانہ جات من ابتدا یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء لغایت اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء واجب یکسال بنام ننھے خان بحساب فی پرچہ منظور رہے۔ کاغذات بغرض کارروائی ضابطہ واپس ہوں۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

کاغذات بنابر اجرائے احکام صدر کو بھیجے جائیں۔ اور نقل حکم ہذا صدر ریاست جناب کنٹرولر صاحب ہاؤس ہولڈ مرسل ہو۔ ۶ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۹ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ پانچ روپیہ ماہانہ سید حسن جعفر ہیڈ ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول مشاہرہ دار پچاس روپیہ بربنا سفارش ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول

حکم

بموجب رپورٹ پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ سید حسن جعفر ہیڈ ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول کی تنخواہ موجودہ پچاس روپیہ ماہوار میں منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ر فروری ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت دو ہفتہ منشی عبدالعزیز خان نائب مدرس دوم پٹواریان بذمہ داری مدرس اول بضرورت بیاہ از ۱۵ر فروری سنہ حال لغایت یکم مارچ ۱۹۲۹ء۔

حکم

رخصت مطلوبہ پندرہ یوم نائب مدرس پٹواریان حسب رپورٹ صاحب اسسٹنٹ ال منظور ہے۔ بخدمت صاحب موصوف واپس ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ر فروری ۱۹۲۹ء

ماسٹر سید شاہ علی ملازم ہائی اسکول تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار کی رخصت رعایتی یکم مارچ ۱۹۲۹ء سے ۱۰ر اپریل ۱۹۲۹ء منظور کی گئی۔ ایام رخصت ماسٹر شاہ علی میں فراست حسین خان انٹرنس پاس مدرس اول مدرسہ نالہ پار تنخواہ دار [illegible] ماہوار خالی [illegible] روپیہ ماہوار ہائی اسکول میں تبدیل کیا گیا۔ فراست حسین خان کو تنخواہ ہائی اسکول ملیگی۔ مدرسہ نالہ پار میں فراست حسین خان کی جگہ کے لئے انسپکٹر صاحب مدارس انتظام کرکے رپورٹ پیش کرینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ر فروری ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت نو یوم منوہن لال [illegible] کلرک برائے شرکت شادی برادر بمقام متھرا۔

حکم

رخصت نو یوم منشی منوہن لال ایل کلرک بذمہ داری سید معین الدین [illegible] ابتدائے [illegible] لغایت ۲۶ر فروری ۱۹۲۹ء منظور ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ر فروری ۱۹۲۹ء

مثل تحریر میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت نو یوم منشی گوبند پرشاد اکاؤنٹنٹ کلرک میونسپلٹی من ابتداء ۲۰ر فروری سنہ حال بضرورت شادی پسر خود۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر رخصت رعایتی نو یوم منشی گوبند پرشاد اکاؤنٹنٹ میونسپلٹی من ابتداء ۲۰ر فروری سنہ حال لغایت ۲۸ر فروری ۱۹۲۹ء بذمہ داری منشی شرافت علیخان صاحب پیشکار اجلاس منظور ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ۔ ہفتہ چہارم ۔ ماہ فروری ۱۹۲۶ء

نام جنس	قصور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۔۱۰ ۸۔۱۰ / ۷۔۱۰ ۱۰۔۱۰	۰	۸۔۱۰	۰	۰	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۷۔۱۰	۔	۷۔۱۰	۔	۰	۰	
نخود کہ آمیز	۷۔۱۰	۰	۷۔۱۰	۰	۰	۰	
کنہ	۹۔۱۰	۰	۸۔۱۰	۰	۰	۰	
ماش	۷۔۱۰	۰	۷۔۱۰	۰	۰	۰	
مونگ	۶۔۱۰	۰	۰	۰	۰	۰	
مکا	۱۰۔۱۰ ۱۱۔۱۰	۰	۱۱۔۱۰	۰	۰	۰	
جئی	۱۲۔۱۰	۰	۰	۰	۰	۰	
نخود جئی	۱۲۔۱۰	۰	۰	۰	۰	۰	
عدس	۶۔۱۰		۰	۰	۰	۰	
ارہر	۶۔۱۰	۰	۰	۰	۰	۰	
برنج	۹۔۱۰ ۶۔۱۰	۰	۵۔۱۰	۰	۰	۰	
روغن زرد	۶ چھٹانک	۰	۶ چھٹانک	۰	۰	۰	
روغن سیاہ	۲۔۱۰	۰	۲۔۱۰	۰	۰	۰	
روغن کنجد	۲۔۱۰	۰	۲۔۱۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۱۲۔۱۰	۰	۱۲۔۱۰	۰	۰	۰	
نمک لاہوری	۶۔۱۰	۰	۶۔۱۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۸۔۱۰	۰	۸۔۱۰	۰	۰	۰	
باجرہ	۹۔۱۰		۱۰۔۱۰	۰	۰	۰	